سوال

(688)کچھ بال کاٹنے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عورت کےاپنے کچھ بال کاٹنے کا کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عورت کےاپنے بال کاٹنے کے بارے میں اس عمل کی وجہ پر غور کیا جائے گا اگر عورت اپنے بال کفار اور فاسق عورتوں سے مشابہت کرنے کےلیے کٹاتی ہے تو اس نیت سے بال کاٹنا ناجائز ہے اگر عورت اپنے بالوں کو کچھ ہلکا کرنے یا اپنے خاوند کی چاہت کو برقرار رکھنے کےلیے کرتی ہے تو میں اس کے بارے میں کوئی رکاوٹ نہیں سمجھتا صحیح مسلم میں یہ بات ثابت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی عورتیں اپنے بال کاٹا کرتی تھیں یہاں تک کہ وہ کان کے نچلے حصے تک ہوتے۔[1] (علامہ ناصر الدین البانی رحمۃ اللہ علیہ)

---

[1]۔ صحیح مسلم رقم الحدیث(320)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کےلیے صرف

صفحہ نمبر 608

محدث فتویٰ